© rasailojaraid.com



ساغر اقبالی

# زبان میٹھی دے بات اُٹ کٹ

○ حنیف رامے کو اہم ذمہ داری ملنے کا امکان۔ (ایک خبر)

یہ غیر ذمہ دار شخص اکثر "ذمہ داریوں" کو ملتا رہتا ہے

○ ریاض فتیانہ کو غیر قانونی بھرتیوں پر دس کروڑ روپے ادا کرنے پڑیں گے۔ (ایک خبر)

جنہاں نے کھادیاں گاجراں۔ ڈھڈ اونہاں دے پیڑ

○ طالبان اور ایرانی انقلاب ہمارے ماڈل کی حیثیت نہیں رکھتے۔ (قاضی حسین احمد)

تو پھر منصورہ میں بھی اسلام نازل نہیں ہوا تھا۔

○ ملک میں آدھی این جی اوز برائے نام ہیں۔ (ٹریسلر وفاقی وزیر)

جاوید جبار صاحب کو بتائیں۔

○ چودہ کروڑ پاکستانی حرامی اور جاہل جٹ ہیں۔ (اردشیر کاؤس جی)

صرف اور صرف کاؤس جی حرامیوں اور جاہلوں کا معجون مرکب ہیں

○ دو انگریزی اخبار یوسف کذاب کی حمایت میں مضامین شائع کر رہے ہیں۔ (اسماعیل قریشی)

کوئی علم الدین غازی بھی آہی جائے گا۔

○ بیرون ملک رہ کر سُنّت نبوی کی پیروی کر رہی ہوں۔ (بے نظیر)

خدا کی شان اک کلمڑی گنجی
حضور بلبل بستاں کرے نواسنجی

○ جنرل مشرف کے پاس اتھارٹی ہے۔ اسلام نافذ کر دیں۔ (جنرل (ر) حمید گل)

کاش ہم اتنے خوش قسمت ہوتے!

○ مزدور بے نظیر کو جلد دوبارہ اقتدار دلوا دیں گے۔ (لیبر کنونشن)

وہ دن گئے جب خلیل میاں فاختہ اڑایا کرتے تھے۔

○ پاکستانی سیاستدانوں کی اکثریت صاف ستھرے لوگوں پر مشتمل ہے۔ (سردار آصف)

صرف کار کوٹھی اور رہن سہن کی حد تک باقی عمل کے حساب سے تو چلتے پھرتے گٹر ہیں۔

○ بھٹو نے دو سال تک جنگی قیدی رکوائے۔ (جنرل (ر) رحیم)

اس سے بڑا سفاک کون ہوگا۔

○ تھانیدار نے تاجر کے بازو اور ٹانگیں توڑ دیں۔ جیل میں ہلاک۔ (ایک خبر)

حکومت نے انہیں عوام کے لئے کھلا چھوڑ رکھا ہے۔

بقیہ 43 پر

© rasailojaraid.com